سوال

کیا غیر مسلم کو کافر کہا جاسکتا ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر وہ شخص جس نے اسلام قبول نہیں کیا کافر ہے، اس کے بارے میں کسی کو خبر دیتے ہوئے اسے کافر کہا جاسکتا ہے۔ لیکن اگر کسی کافر کو مخاطب کرنا ہو تو حکمت کا تقاضا ہے کہ اسے ''اے کافر'' کہہ کر نہ پکارا جائے کیونکہ اس رویے سے وہ ہٹ دھرمی پر اتر آئے گا اور اپنے کفریہ عقیدے پر مزید پختہ ہو جائے گا۔ اسی وجہ سے سنت میں یہ ثابت نہیں کہ نبی ﷺ نے کسی کافر کو اس طرح مخاطب کیا ہو۔ البتہ یوں کہا جاسکتا ہے کہ اگر تم اللہ کے سامنے توبہ نہیں کرو گے تو تم کافر ہو، یا یہ کہہ دیا جائے کہ یہ کام کفریہ ہے اس طرح کا اسلوب اختیار کر کے بات واضح کر دی جائے۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی